میں پچھلے ہفتے یورپ کے بزنس ٹرپ سے واپس آیا تو ڈیڈی کا خط ملا جس میں لکھا تھا کہ آپ کے ہزبینڈ HUSBAND فوت ہو گئے ہیں۔ مجھے یہ سن کر افسوس ہوا کہ روتی۔ بی جیسی غریبانہ بیماری کا شکار ہوئے۔ اگر انہیں دل کی بیماری تھی تو بلڈ پریشر یا ہارٹ فیل ہونے سے مرتے تاکہ ہم فخر سے ان کی موت کا دوسروں سے ذکر کر سکتے۔ آپ نے یہ بھی ظلم کیا کہ انہیں گھر پر ہی مرنے دیا۔ علاج کے لیے دیسی کم از کم مرنے کے لیے انہیں مقامی ہسپتال کے وی۔ آئی۔ پی۔ وارڈ میں داخل کرا دیتے۔ تو یا سب اخبارات میں ان کا نام چھپ جاتا اور لوگوں کو بھی پتہ چل جاتا کہ واقعی کوئی بڑا آدمی فوت ہوا ہے۔ بہرحال جو کچھ ہونا تھا ہو گیا۔ اب افسوس کرنے سے کیا فائدہ؟ یہ احتیاطی تدابیر تو آپ کو بہت پہلے کرنی چاہییں تھیں کیونکہ انہیں ہارٹ اٹیک جیسی جلد باز بیماری کے بجائے ٹی۔ بی جیسی سست رفتار بیماری تھی جو خدا تعالیٰ عموماً اس لیے غریبوں کو نصیب کرتا ہے کہ وہ طویل بیماری میں مریض کے کفن دفن کا بندوبست کر رکھیں۔

ڈیڈی نے مجھے پن پوچھے یہ مشورہ بھی دیا ہے کہ میں تعزیت کے لیے خود آؤں اور اگر کسی مجبوری کی وجہ سے نہ آ سکوں تو کم از کم اپنے ہاتھوں سے آپ کو ایک لیٹر آف کنڈولینس LETTER OF CONDOLENCE لکھ بھیجوں۔ آپ کو معلوم ہے کہ اب کرسمس بالکل قریب ہے اور خوشی کے اس موقع پر میں نے بہت سے دوستوں کو پارٹی دینے کا وعدہ کر رکھا ہے۔ کرسمس کے فوراً بعد ہم مری میں سنو فال دیکھنے جا رہے ہیں۔ اب یہ پروگرام فائنلائز FINALISE ہو چکا ہے۔ اس لیے اسے کینسل CANCEL کرنے سے سب کا موڈ آف ہونے کا خطرہ ہے۔ ان مصروفیات کی وجہ سے میں خود آنے سے مجبور ہوں۔ البتہ اگر آپ ضروری سمجھیں تو میں اپنے پی۔ اے کو ایک دو دن کے لیے بھیج سکتا ہوں۔

مجھے آپ کے غم کا پورا پورا احساس ہے کیونکہ پچھلے دنوں جب ہمارے ایک بزنس پارٹنر کا انتقال ہو گیا تو ہم سب کو بہت صدمہ ہوا۔ مرحوم تو آپ کے لائف پارٹنر تھے اور ہر نفع و نقصان میں آپ کے ساتھ تھے۔ ایسے ساتھی کا بچھڑ جانا واقعی آپ کے لیے بہت بڑی ٹریجڈی ہے۔

پچھلے سال نانی کی سالگرہ پر مرحوم سے ملاقات ہوئی تھی۔ وہ بڑے سمارٹ اور ویل ریڈ WELL READ آدمی تھے۔ ان کے پاجامے کی موری ماڈرن کٹ کی پتلون کی موری سے بھی تنگ تھی اور ان کی ڈاڑھی کا خضاب اور جوتوں کی پالش کبھی مدھم نہیں پڑی تھی۔ لٹریچر کی مختلف برانچوں کے متعلق اپنی رائے رکھتے تھے مثلاً وہ اردو شاعری اور رومانی ناولوں کو ہمیشہ برا بھلا کہتے تھے۔ البتہ اسلامی ناولوں کی اکثر تعریف کیا کرتے تھے۔ ان کی پاپولیریٹی POPULARITY کا یہ حال تھا کہ ہر مقدمے میں شہادت دینے کے لیے انہیں ہی اپروچ APROACH کیا جاتا تھا۔ ظاہر ہے کہ اتنی کوالیفیکیشن والا ہزبینڈ HUSBAND آپ کو اس ایج AGE میں کہاں ملے گا۔

مجھے اس بات کا بھی افسوس ہے کہ میں ان کے مرنے کے وقت وہاں موجود نہ تھا ورنہ میں اس حالت میں ... اور اس بیماری سے ... قطعاً نہ مرنے دیتا اور اگر وہ مر بھی جاتے تو ان کے کفن دفن کے لیے کسی ایسی مشہور فرم کو ٹھیکہ دیتا کہ لوگ یہ بھول جاتے کہ روتی۔ بی سے مرے ہیں یا ہارٹ فیل ہونے سے۔ بلکہ میرا تو ارادہ تھا کہ ان کی قبر کا ڈیزائن بھی کسی ویل نون آرکیٹکٹ WELL KNOWN ARC-HITECT سے بنوایا جاتا۔ یہی آرکیٹکٹ نئے نیرہ کا گھر بنا رہا ہے۔ والی کوٹھی کا ڈیزائن بنایا ہے وہ بھی آج کل خاصا پاپولر ہے۔ میرے اس کے ٹرمز TERMS بھی کافی فرینڈلی FRIENDLY ہیں کہ آپ اگر ڈیزائن کی قیمت قسطوں میں بھی ادا کرنا چاہیں تو اسے کوئی اعتراض نہ ہوگا۔ بہرحال آفر OFFER اب بھی موجود ہے اور اگر آپ نے پہلے ہی ان کا مقبرہ تیار کرا لیا ہو تو اس کی ایک مخصوص یا تصویر یا اسکیچ ... بھیج دیں میں شکر گزار رہوں گا۔

آخر میں میں آپ کو مشورہ دوں گا کہ آپ ان کے مرنے سے متعلق جتنے بھی اشتہار کریں ان میں لفظ اللہ سے شروع کریں کیونکہ اس سے مرنے والے کا سوشل SOCIAL سٹیٹس STATUS بلند ہوتا ہے۔ میری تو یہ ہے کہ آپ علما ... کو کھانا دینے کے بجائے اعلیٰ قسم کا سوٹ دیں اور غریبوں اور مسکینوں کو انگریزی لکھا دیں تاکہ یہ لوگ جہاں جائیں آپ کی تعریف کریں۔ جب اس جہان میں برائی کے ساتھ اس کے وصل ... کے مطابق سلوک کیا جاتا ہے تو یہ ممکن ہے کہ اگلے جہان میں ... ہی باقی ہو۔

میں اور بھی بہت اچھی اچھی باتیں آپ کو لکھنا چاہتا تھا لیکن ابھی ابھی میری پرسنل سیکرٹری نے جرمنی سے آیا ہوا ایک تار میرے سامنے رکھا ہے جس میں شیئرز SHARES کی قیمت گرنے کا اندیشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ لہٰذا یہ لیٹر آف کنڈولینس LETTER OF CONDOLENCE یہیں ختم کرتا ہوں۔ آپ میرے ڈیڈی اور ممی کو اس خط کی اطلاع دے دیں تاکہ انہیں پتہ چل جائے کہ میں نے انتہائی مصروفیات کے باوجود ان کے مشورے پر عمل کیا ہے۔

یورز

گرینڈ سن آئی۔ یو سعادت

غزل

عجیب رُت تھی کہ ہر چند پاس تھا وہ بھی

بہت ملول تھا لیکن اُداس تھا وہ بھی

کسی کے شہر میں ہم نے ہوا سے باتیں کیں

یہ سوچ کر کہ کہیں آس پاس تھا وہ بھی

ہم اپنے زعم میں خوش تھے کہ اس کو بھول چلے

مگر گماں ہے کہ یہ بھی قیاس تھا وہ بھی

کہاں کا اب غمِ دنیا کہاں کا اب غمِ جاں

وہ دن بھی تھے کہ یہی سب راس تھا وہ بھی

فراز تیرے گریباں پہ کل جو ہنستا تھا

اُسے بھی تو دیدہ لباس تھا وہ بھی

احمد فراز

قطعہ

[illegible]

[illegible] زندگی [illegible]

[illegible]

[illegible]

نظم

بہ یادِ وطن

میرے وطن کی دھرتی خوشبو سے ہے معطر

میرے وطن کا ذرہ ذرہ ہے کوہ پیارا

پھولوں سے پیار کرنا ہر ایک کی تمنا

[illegible]

O

سرسبز لہلہاتی کھیتوں بھری زمینیں

آموں کی ڈالیوں پر کوئل کی میٹھی تانیں

پھولوں پھلوں سے سج کر آراستہ زمینیں

ہوتا ہے کس قدر یہ فرحت بخش نظارا

O

موسم بہار کا ہو یا کہ خزاں کا عالم

گرمی شباب پر ہو یا سردیوں کا موسم

ہو شام کی اُداسی یا صبح کا ترنم

برسات کا سماں وہ راوی کا وہ کنارا

O

میرے وطن کے باسی محنت کشی کے عادی

تپتی جھلستی لوئیں دھرتی کو چیرتے ہیں

کھلیان چار سو جب سونا بکھیرتے ہیں

گرمی تپش پسینہ سب کچھ انہیں گوارا

O

کھلتی رہیں ہمیشہ حُبِّ وطن کی کلیاں

دلکش رہیں ہمیشہ اپنے وطن کی گلیاں

دُکھ درد ہوں وطن کے پا کر وطن کی خوشیاں

مجھ کو عزیز تر ہیں مانے کوئی خدارا

O

احساس جاگ اٹھا ہے عذرا لگن یہی ہے

کیونکہ میرے عزیز ہو حُبِّ وطن یہی ہے

ہر لحظہ قدر و قیمت پہچانتے رہیں ہم

اپنے وطن کی عزت ایمان ہے ہمارا

O

بقلم

عذرا سعید ستار پری

(یو۔ ایس۔ اے)

ٹورانٹو کے پاکستانی کنیڈینز کی ایسوسی ایشن کے اغراض و مقاصد

بقلم: اقبال شاہد (چیئرمین)

حیات لے کے چلو کائنات لے کے چلو

چلو تو سارے زمانے کو ساتھ لے کے چلو — مخدوم

ہم چند افراد کینیڈین پاکستانیوں کے نمائندوں کی حیثیت سے منتخب ہوئے ہیں۔ پاکستانیوں نے ہم پر اعتماد کیا اس کے لیے ہم میں سے ہر ایک اپنے کرم فرماؤں کا نہایت ہی شکر گزار ہے۔ لیکن اب اس اعتماد کے مطابق تجویز کے کاموں کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی بھاری ذمہ داری ہمارے کاندھوں پر ہے اور اس کے لیے ہر ممکن سعی کرنا ہمارا فرض ہے۔

مجھے یقین ہے کہ چند منتخب نمائندوں میں سے ہر ایک پاکستانی کینیڈینز کے لیے کچھ نہ کچھ کرنے کا جذبہ ضرور رکھتا ہے اور ہر ایک کے ذہن میں کام کا خاکہ موجود ہے۔ ہم میں سے بعض کو عوامی بہبود کے کاموں کا تجربہ بھی ہے اور بعض اس تجربے کے دور سے گزر رہے ہیں۔ تمام نمائندوں کی ذہنی اور عملی صلاحیتوں کو باہمی تعاون کی سطح پر لا کر پاکستانیوں کے مفاد کے کام انجام دیئے جا سکتے ہیں۔ اس ضمن میں چند بنیادی نکات ہمارے پیشِ نظر ہیں جن کی وضاحت حسبِ ذیل ہے:

سب سے پہلا امر یہ ہے کہ ہم اس آزاد اور غیر جانبدار ملک میں پاکستان اور پاکستانیوں کا ایک صحیح تاثر قائم کریں۔ اس سلسلے میں نشر و اشاعت کے ہر ممکن ذریعے سے ہماری یہ کوشش ہو گی کہ اپنے وطن کے لیے یہاں کے لوگوں کے دلوں میں جگہ پیدا کرنے کی تگ و دو کریں۔ اور کینیڈا کی حکومت اور رائے عامہ کو پاکستان کے مسائل میں اس کا ہمدرد بنائیں۔ پاکستان کے لیے یہ چھوٹی سی سفارتی خدمت انجام دینے کے لیے تمام پاکستانیوں میں ذہنی ارتباط اور یکجہتی پیدا کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔

ایک عرصے سے ٹورانٹو کی پاکستانی آبادی ایک ایسے سنٹر کی سخت ضرورت محسوس کر رہی ہے جسے ہم اپنی معاشرتی اور تہذیبی سرگرمیوں کا مرکز بنا سکیں۔ جہاں اہم تقریبات اور محفلیں منعقد کی جا سکیں، اور اپنی ایک لائبریری بھی بنائی جا سکے۔ اس سلسلے میں ہمیں ٹورانٹو اور کینیڈا کے دوسرے علاقوں کے پاکستانی باشندوں کے تعاون اور رہنمائی کی توقع ہے۔ اور بہت جلد اس سلسلے میں کوئی جامع منصوبہ تیار کیا جائے گا۔

کچھ مسائل ایسے ہیں جو توجہ، معلومات اور وقت کے طلبگار ہیں۔ مثلاً پاکستانی طلباء کے مسائل۔ ان کی دو صورتیں ہیں۔ اول یہ کہ طلباء کی امیگریشن کے سلسلے میں رہنمائی کی جائے۔ دوسرے تعلیم کے ساتھ ملازمت کی جو سہولت یہاں کے عام طالبعلم کو حاصل ہے وہی سہولتیں پاکستانی طلباء کو بھی مل سکیں۔

ایک اور توجہ طلب امر پاکستانی پیشہ ورانہ صلاحیت کے افراد کی اسناد کو کینیڈا میں صحیح معیار کے مطابق تسلیم کرانے کی کوشش کرنا ہے۔

ہمارے منصوبے میں پاکستانیوں میں اپنے تہذیبی ورثے سے محبت اور اپنی ثقافت کی اعلیٰ قدروں کی حفاظت کا جذبہ پیدا کرنا بھی شامل ہے۔ اس مقصد کے لیے خواتین کو کسی تنظیمی سلسلے میں منسلک کرنا ہمارے لیے مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ پاکستانی کینیڈین خواتین میں سے بیشتر اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں اور اپنی صلاحیتوں سے کینیڈا کے مختلف شعبہ ہائے حیات میں نہایت ذمہ دارانہ خدمات انجام دے رہی ہیں۔ ہم خواتین کی تنظیم کے ذریعے اپنی نظریۂ حیات کو ہمیشہ زندہ رکھ سکتے ہیں۔

قرآن اور عربی زبان ہماری تہذیبی اقدار کا سرچشمہ ہیں۔ کینیڈین پاکستانیوں میں ان ماخذات کی لگن باقی رکھنا اور اس سلسلے کا ایک باقاعدہ تعلیمی پروگرام مرتب کرنا بھی ہمارے مقاصد میں شامل ہے۔ تعلیمی پروگرام کے ضمن میں ہم اپنی قومی زبان اردو کو بھی فراموش نہیں کر سکتے کہ یہ ہماری تہذیب کا ایک روشن باب ہے۔ یہ میر و غالب اور سرسید و اقبال کی زبان ہے اس کے ذریعے ایک طرف پاکستان کے تمام

موجۂ خون ناب

ڈاکٹر نور احمد شیخ
(ٹورانٹو)

مری وفا کا ستمگر دیا دغا سے جواب

نہ بھول تیرا بھی ہو گا ضرور خانہ خراب

●

بُرائی مول لی جگ سے بھلائی کے بدلے

عذاب بن گیا میرا خلوص عالم تاب

●

زباں پہ کانٹوں کی آئے نہ داستاں میری

چمن میں پھر نہ کھلیں گے مری وفا کے گلاب

●

یہ کیسی دیدہ دلیری ہے تیری محفل میں

کہ چور آئے ہیں لینے مرے کفن کا حساب

●

قبائے زیست نہ پھر تار تار ہو جائے

مری نگاہ میں رقصاں ہے موجۂ خوں ناب

●

خرد بھی آگئی آخر جنوں کی گردش میں


خراب کر گیا مجھ کو مرا دلِ بیتاب

●

عدو کی تیغِ ستم سے جو ہو سکا نہ کبھی

وہ کام کر گئے چپکے سے کچھ مرے احباب

●



بہنوں کی محفل

دریچے

[illegible]

"رضیہ، اختر کے ساتھ بھاگ گئی"

"میں کورٹ سے آ کر کوٹ کھونٹی پر لٹکا رہی تھی۔ اسی وقت میں نے سنا حسنیٰ کی ماں آپا بیگم سے کہہ رہی تھی "رضیہ، اختر کے ساتھ بھاگ گئی"

توبہ! یہ حسنیٰ کی ماں بھی غضب کرتی ہے۔ شہر بھر کی خبریں اس سے بغیر فرمائش کے سن لو یا نہ بھی سنو تو بھی بکے جاتی ہے۔ نہ جانے کون رضیہ ہوگی اور کون اختر۔ اور پھر وہ بھاگ گئی تو میں کیا کروں؟ میں تو حسنیٰ کی ماں کی بکواس کبھی سنتی ہی نہیں۔ آپا بیگم ہی بس اوں آں کر دیتی ہیں۔ بھلا مجھے ایسی خبروں سے کیا دلچسپی ہو سکتی ہے۔ چنانچہ میں نے کوٹ کے ساتھ اس خبر کو بھی کھونٹی پر ٹانگ دیا۔ میرے پاس اتنا وقت ہی کہاں ہے جو ہر ایری غیری کی خبروں پر کان دھروں۔ موکل مجھے فرصت ہی کب لینے دیتے ہیں۔ اور پھر جب سے میں وکیل بنی ہوں، آئے دن ایسی خبریں سننے میں آتی ہیں کتنی ہی رضیائیں اپنے اپنے اختر کے ساتھ بھاگ جایا کرتی ہیں۔ بے چاری کچی عمر کی ناسمجھ لڑکیاں ——— انہیں تو تجوری میں چھپا کر رکھنا چاہئے یا کسی پنجرے میں بند کر کے، ورنہ وہ پر کیا پھوٹتے ہیں کہ آسمان پر اڑتی ہیں۔ کبھی کبھی تو ان میں اتنی طاقت بھی آجاتی ہے کہ کم بخت تجوریوں کو بھی کاٹ دیتی ہیں، پنجروں کو بھی توڑ دیتی ہیں۔ اپنا سب کچھ داؤ پر لگا کر بھی اڑنے سے باز نہیں آتیں۔

میں بھی کبھی کچی کلی تھی ——— نازک نازک سی موم کی گڑیا کی طرح۔ ان دنوں شفیع بھیا کا دوست اسلم مجھے کیسی للچائی ہوئی نظروں سے دیکھتا تھا جیسے میں مٹھائی تھی اور وہ ننھا سا بچہ۔ سچ پوچھو تو وہ مجھے ہمیشہ بچہ ہی نظر آیا۔ بھولا بھالا معصوم ——— مجھے اس کا اس طرح دیکھنا اچھا لگتا تھا۔ جی چاہتا تھا کہ وہ مجھے دیکھتا رہے اور میں بظاہر بے نیاز بنی بیٹھی رہوں، اور زمانے کی گردش رک جائے۔

امی کہتی تھیں، "اسلم گریجویٹ ہو گیا ہے۔ میں کیا جانوں۔ مجھے تو وہ طفلِ مکتب ہی لگا۔ یہ مائیں بھی عجیب ہوتی ہیں۔ کھاتے پیتے گھرانے کا کوئی شریف لڑکا گھر آنے جانے لگے تو فوراً اپنی لڑکی کے لئے پسند کر لیتی ہیں۔ اس وقت میں کالج کے پہلے سال میں تھی اور اسلم گریجویٹ ہو گیا تھا۔ امی نے کہا کہ وہ اسلم کو میرے لئے پسند کر چکی ہیں۔ لیکن میں کب دام میں آنے والی تھی۔ امی سے صاف صاف کہہ دیا کہ میں شادی کے چکر میں نہیں پڑوں گی۔ مجھے تو ابھی تعلیم حاصل کرنا ہے، بہت آگے جانا ہے، شہرت کے آسمان تک پرواز کرنا ہے، سماج میں اپنا مقام بنانا ہے، عزت اور دولت حاصل کرنا ہے، بڑے بڑے لوگوں کی سلامی لینا ہے۔ مجھے تو معاف ہی کر دامی۔

امی خوشامد کرتی رہیں، بڑبڑاتی رہیں۔ مگر پاپا نے ہمیشہ شاباشی دی۔ اور پاپا کے بندھائے ہوئے حوصلے ہی کی وجہ سے میں لاگریجویٹ ہو گئی، سند حاصل کی اور وکالت شروع کر دی۔ آج ہر جگہ میری عزت ہے۔ مجھے شہرت حاصل ہے۔ اب میرے پاس کافی دولت جمع ہو گئی ہے۔ مجھے پریکٹس کرتے کرتے پندرہ سال ہو چکے ہیں۔ سماج میں میرا بلند مقام ہے۔ تیزی سے گزرتے ہوئے مصروف لمحوں نے مجھے کبھی فرصت ہی نہ دی کہ اپنی شادی کے بارے میں سوچوں۔ اچھا ہوا جو میں نے امی کی بات نہ مانی، ورنہ آج چنو منو کی ہی حضوری کرتے اور ان کے پوتڑے دھوتے ہی گزرتی۔ امی پاپا رخصت ہو گئے ورنہ آج وہ میری بلندی دیکھتے اور آج میں ان سے خوب داد لیتی۔

رات کے کھانے سے فارغ ہو کر میں اگلے روز پیش ہونے والے مقدموں کی فائلیں پڑھنے میں مشغول ہو گئی۔ میں نے دروازہ بند کر دیا تاکہ میرے انہماک میں کسی طرح کا خلل نہ ہو۔ اب میں آرام سے کام کر سکتی تھی۔ میں ایک مقدمے کی فائل غور سے دیکھ رہی تھی کہ کچھ دیر کے بعد دروازہ پر دستک ہوئی۔ میں نے نوکرانی سے کہہ دیا تھا کہ مجھے کوئی پریشان نہ کرے پھر یہ دروازے پر کون دستک دے رہا تھا؟

"کون؟" میں جھنجلاہٹ کے باعث تقریباً چیختی ہوں۔

"اسلم"

میرے کانوں میں جیسے کسی نے رس گھول دیا ——— میرا اسلم آ گیا ہے۔ میں نے بریف کیس بند کر دیا اور اسلم سے شکایت بھرے لہجے میں کہا "اسلم تم اب آئے! کتنی دیر کر دی! میں تو کب سے تمہاری منتظر تھی۔ تم اب تک کہاں تھے؟"

"میں تمہارے دروازے پر کب سے کھڑا ہوں لیکن تم سن ہی نہیں رہی تھیں"

"باہر کیوں کھڑے ہو۔ اندر آجاؤ"

"لیکن تمہارے دروازے تو بند ہیں"

"تو پھر کھڑکی سے آجاؤ"

"لیکن یہ تو چوروں کا راستہ ہے"

"تو کیا ہوا۔ اختر بھی تو اسی چوروں ہی کے راستے سے رضیہ کے گھر آیا تھا۔ اس کو کس نے پکڑا؟"

"ارے نہیں، رضیہ خود کھڑکی سے کودی تھی۔ تم بھی کھڑکی سے کود جاؤ"

"ہاں یہ بھی ٹھیک ہے۔ مجھے ہی کھڑکی سے کودنا چاہئے ——— لیکن نہیں۔ یہ ممکن نہیں۔ رضیہ کی دیواریں چھوٹی تھیں۔ میری دیواریں بہت اونچی ہیں۔ میں اونچی منزل پر رہتی ہوں نا۔ اتنی بلندی سے کیسے نیچے آسکتی ہوں۔ اگر اتنی بلندی سے کودی تو ٹوٹ جاؤں گی ——— نہیں نہیں۔ میں اس بلندی سے نیچے نہیں آسکتی۔ تم ہی کیوں نہیں زینے سے اوپر آجاتے"

"میں زینے سے ہی اوپر آیا تھا۔ مگر تم نے دروازے بند رکھے ہیں"

"اسلم بے کار کی بحث میں وقت برباد نہ کرو میرا دل بہت گھبرا رہا ہے۔ تم کسی بھی صورت سے اندر آجاؤ ——— ارے! اندر آ کر دیکھو تو سہی یہ مجھے کیا نظر آ رہا ہے۔ اُف! اس کھونٹی پر ——— ارے یہ تو سانپ ہے! کالا سانپ! یہ سانپ میری طرف بڑھ رہا ہے۔ یہ مجھے ڈس لے گا۔ اسلم جلد اندر آجاؤ اور مجھے اس سانپ سے بچاؤ۔ تم دروازے توڑ دو یا کھڑکی سے آؤ، مگر مجھے اس سانپ سے کسی طرح بچالو ——— تم ذرا میرے اسلم، ورنہ یہ سانپ مجھے ڈس لے گا۔ مجھے بچاؤ اسلم، مجھے بچاؤ ———" اور میں خوف سے بے ہوش ہو گئی۔

صبح کو جب آنکھ کھلی تو میری نظر کھونٹی پر گئی۔ میری حیرت کی انتہا نہیں رہی، کیونکہ وہاں تو بس میرا کوٹ لٹک رہا تھا جس کو میں نے شام کو کورٹ سے آ کر لٹکا دیا تھا اور جس کی وجہ سے مجھے اتنی عزت اور شہرت حاصل ہے ——— پھر یہ کوٹ رات کو سانپ کیسے بن گیا تھا، اور مجھے کیوں ڈس رہا تھا؟ یہ سب کیا اسرار تھا، میری تو کچھ سمجھ میں نہیں آیا۔ ہاں، یہ خواہش ضرور پیدا ہوئی کہ اب کبھی رات نہ آئے، ورنہ رات کے اندھیرے میں میرا وہی کوٹ پھر سانپ بن جائے گا، جو دن میں میری عزت اور سماجی رتبے کا وسیلہ بنتا ہے، جس نے مجھے اتنی شہرت اور دولت دی ہے۔۔۔ مگر یہ کم بخت رات تو ہر روز ہی آجاتی ہے۔ ■■

مزے دار اور آزمودہ پکوان

اسپنج کیک

۶۰ گرام میدہ
۱۴۰ گرام پسی ہوئی چینی
۶۰ گرام کارن فلور (CORN FLOOR)
ایک ہموار چائے کا چمچہ بھر بیکنگ پاؤڈر (BAKING POWDER)
ایک چٹکی بھر نمک
۴ انڈے

انڈے کی سفیدی اور زردی الگ الگ کر لیں۔ میدہ، بیکنگ پاؤڈر، نمک اور کارن فلور چاروں چیزوں کو ایک ساتھ ہی چھلنی میں چھان لیں۔ اب انڈے کی سفیدی کو ایک پیالے میں ڈال کر ایگ بیٹر سے خوب دیر تک پھینٹیں۔ جب سفیدی سخت یعنی روئی کے گالے کی طرح ہو جائے تو اس میں تھوڑی تھوڑی چینی ڈالتے جائیں اور لکڑی کے چمچے سے بہت آہستہ آہستہ چینی ملاتی جائیں۔ اسی طرح تمام چینی ڈال دیں۔ اب اسی طرح ایک ایک کر کے انڈے کی زردیاں ملائیں۔ زردیوں کو ڈالنے سے پہلے تھوڑا سا پھینٹ لیں۔ لکڑی کے چمچے سے زردیوں کو بہت آہستہ آہستہ سفیدی میں ملائیں۔ اس کے بعد چھنا ہوا میدہ، بیکنگ پاؤڈر، نمک، کارن فلور تھوڑا تھوڑا ڈالتی جائیں اور لکڑی کے چمچے سے جلدی جلدی گھماتی جائیں تاکہ میدہ ایک جگہ اکٹھا نہ ہونے پائے۔ اب ٹین کے کسی سانچے (BAKING TIN) میں ذرا سا گھی لگا کر ٹین کو اندر کی طرف سب طرف سے چکنا کر لیں اور کیک مکسچر اس میں ڈال کر فوراً ہی گرم بھٹی (اوون) میں رکھ دیں۔ (اوون کو کیک بیک کرنے سے پندرہ بیس منٹ پہلے گرم کرنے کے لئے کھول دینا چاہئے) چار سو ڈگری پر بیس منٹ تک بیک کریں۔ اس کے بعد کیک باہر نکال کر اس میں ٹوتھ پک ڈال کر دیکھیں اگر ٹوتھ پک خشک ہو تو کیک تیار سمجھیں اور اگر ٹوتھ پک میں مکسچر لگا ہو تو مزید چند منٹ بیک کریں۔ سرخی مائل ہونے پر نکال لیں۔ ٹھنڈا ہونے کے بعد سانچے سے نکال لیں۔

تکّے

آدھا کلو بغیر ہڈی کی چھوٹی چھوٹی بوٹیاں (بکرے کی ران کی)
ایک چائے کا چمچہ بھر پسی ہوئی رائی
ایک چائے کا چمچہ بھر سیاہ گول مرچ
۳ چائے کے چمچے بھر پسا ہوا کچا پپیتا
۴ چائے کے چمچے بھر لیموں کا عرق
نمک حسب ذائقہ۔

بوٹیوں پر رائی، کالی مرچیں، پپیتا، نمک اور لیموں کا عرق اچھی طرح مل کر چار گھنٹے کے لئے رکھ دیں۔ پھر بوٹیوں کو سیخوں میں تھوڑے تھوڑے فاصلے سے پرو دیں اور کوئلوں کی ہلکی آنچ پر سیخوں کو سینکنے کے لئے رکھ دیں۔ تھوڑی تھوڑی دیر بعد سیخوں کو گھماتی رہیں۔ جب تکے ہر طرف سے بھن جائیں تو سیخوں سے تکوں کو نکال کر ایک پلیٹ میں رکھ لیں اور گرم گرم تکوں کو چٹنی کے ساتھ پیش کریں۔

سوہن حلوہ

اشیاء۔ دودھ پانچ سیر۔ آٹا ایک سیر۔ سمک (انگوری) ایک چھٹانک۔ گھی تین پاؤ۔ چینی ڈیڑھ سیر۔ بادام، کشمش، چھوٹی الائچی وغیرہ حسب پسند۔

ترکیب:۔ دودھ میں آٹا اچھی طرح حل کر لیں۔ اس آمیزے میں سمک ڈال دیں۔ آگ پر رکھ کر خوب ہلائیں برابر چمچہ چلاتی رہیں۔ ورنہ پیندے میں لگ جائے گا۔ جب گوندھے ہوئے آٹے کی طرح سخت ہو جائے تو اس میں گھی ڈال کر خوب بھونیں۔ جب سرخ رنگ کا ہو جائے اور خوشبو پھوٹنے لگے تو چینی ڈال کر ہلاتی رہیں۔ جب چینی کا چھوڑا ہوا پانی خشک ہو جائے تو اتار لیں۔ اس کے پکنے کی نشانی یہ ہے کہ اس پر زور سے ہاتھ مارو اگر حلوہ ہاتھ کو نہ چپکے تو سمجھو پک چکا ہے۔ نیچے اتار کر چیلوں کے پیندے میں گھی لگا کر اس کو جما دیں۔ اوپر میوہ جات چھڑک دیں۔ ورق وغیرہ لگا کر پیش کریں۔ حلوے کو ہمیشہ بڑی کڑاہی میں پکائیں۔ اور ہلانے کے لئے کھرپے نما چمچے سے ہلائیں کیونکہ حلوہ جب سخت گاڑھا ہو جاتا ہے تو عام چمچے سے ہلانا مشکل ہو جاتا ہے۔ بالکل لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق پکائیں۔ اگر گھی چینی وقت مقررہ سے آگے پیچھے ڈالی گئی تو حلوے کے خراب ہو جانے کا ڈر ہے۔ سمک (سنگ) یا انگوری یا اول تو دوکان سے مل جائے گی اگر نہ ملے تو بنانے کا طریقہ یہ ہے ایک پاؤ گندم کے دانے کسی مٹی کے برتن میں تھوڑے سے پانی میں بھگو کر رکھ دیں۔ اور روزانہ تھوڑا تھوڑا پانی کے چھینٹے دیتے رہیں مطلب یہ ہے کہ سوکھ نہ جائیں۔ ایک ہفتہ بعد اس میں سے کونپلیں پھوٹیں گی جب سارے دانوں کی کونپلیں پھوٹ جائیں تو اسے پانی سے نکال کر سائے میں سکھا لیں دو چار دن کے بعد جب اچھی طرح سوکھ جائیں تو گرائنڈ کر کے سفوف سا بنا لیں۔ ایک سیر آٹے کے حلوہ میں ایک چھٹانک ڈالیں۔ سمک ڈالے بغیر حلوہ کبھی نہیں بنے گا۔

مختصر مختصر اشتہارات


بھارتی ایٹمی دھماکے کے خلاف مظاہرے

کینیڈا اور امریکہ کے کئی بڑے شہروں کی اطلاعات کے مطابق بھارت کے حالیہ ایٹمی دھماکے کے خلاف پُرجوش مظاہرے کیے گئے ہیں۔ اِن مظاہروں میں حصہ لینے والوں میں پاکستانی حضرات و خواتین کے علاوہ مقامی لوگ بھی شامل تھے۔

ٹورانٹو میں ہفتہ ۲۵ مئی کو تقریباً دو سو پاکستانی جیالوں نے بھارتی جارحیت اور امن کے ناپاک عزائم کے خلاف نعرے لگائے۔ یہ جلوس سٹی ہال سے ہوتا ہوا شہر کی بارونق گذرگاہوں سے با رونق بینر اور تختیاں اٹھائے ہوئے بڑی تنظیم کے ساتھ گزرا۔

ٹورانٹو کے پاکستانی کینیڈینز کی ایسوسی ایشن کی چیئر مین مسز عقیلہ شاہین نے ایک قرارداد پڑھا جس میں بھارتی ایٹمی دھماکے کے خلاف آواز اٹھائی گئی۔

اتوار ۲۶ مئی کی شام کالج آف ایجوکیشن کے آڈیٹوریم میں ٹورانٹو کے مقامی شہریوں نے ایک جلسہ کیا جس میں کئی قابل قدر مقررین نے کینیڈا اور بھارت کے موجودہ تعلقات پر تقاریر کیں اور ایٹمی طاقت کے خلاف قرارداد منظور کیں۔



بھارت کے دیگر منصوبوں کے لیے بھی امداد بند کی جا سکتی ہے

بھارت ہمیں دھوکہ دے کر اپنا وقار کھو بیٹھا ہے : نائب وزیر اعظم کینیڈا

اٹاوہ - ۲۰ مئی (اے پی پی) رپورٹ - نائب وزیر اعظم کینیڈا مسٹر [illegible] نے کہا ہے کہ بھارت کے ساتھ ایٹمی تعاون کا پورا منصوبہ ختم کر دیا جائے گا [illegible] کا اجلاس طلب کیا جائے گا [illegible] بھارت نے اپنی ہتھیار بنانے کا ارادہ [illegible] بھارت کو ایٹمی خطرے سے [illegible]

[illegible]

ٹورانٹو کے پاکستانی کینیڈینز کی ایسوسی ایشن

ٹورانٹو - ۱۸ مئی —

پاکستانی کمیونٹی ٹورانٹو کے منتخب نمائندوں کا پہلا اجلاس محترمہ عقیلہ شاہین کی صدارت میں ہفتہ ۱۸ مئی شام ۷ بجے سینٹ جارج - نیشنل سٹوڈنٹ سنٹر کے مارننگ روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی ابتدا تلاوت کلام پاک سے ہوئی۔ تمام منتخب ڈائریکٹروں نے حلف وفاداری اٹھایا۔ ایسوسی ایشن کا نام کئی ایک تجاویز کے بعد اکثریت رائے سے "ایسوسی ایشن آف پاکستانی کینیڈینز آف ٹورانٹو" طے پایا۔ یہ نام ۱۸ مئی کے بعد ایسوسی ایشن کی تمام کارروائیوں میں استعمال ہوگا۔ ایسوسی ایشن کے نصب العین اور آئین کی تشکیل کے لیئے مواغراض و مقاصد متفقہ طور پر منظور کیے گئے۔ ان کی تفصیل اس شمارے کے صفحہ ۲ پر محترمہ عقیلہ شاہین کے مضمون میں ملاحظہ کیجئے۔

گزارش

[illegible] ٹورانٹو کے اخبارات کے اداریے جو کہ بھارت کے ایٹمی دھماکے کا رد عمل ہیں، شائع کیے گئے ہیں۔ ہم اپنے پڑھنے والوں سے یہ درخواست کرتے ہیں کہ وہ اس کے تراشے اپنے غیر پاکستانی دوستوں اور خاص طور پر مقامی سیاست دانوں تک پہنچائیں۔ اگر اس مقصد کے لیے آپ کو مزید پرچوں کی ضرورت پڑے تو ہمیں خط لکھیئے یا پھر شام چھ بجے کے بعد فون کیجیئے۔ نمبر یہ ہے:

(416) 690-1590

مسجد قرطبہ کو مسلمانوں کے حوالے کر دیا گیا



وزیر اعظم سے کھر کی ملاقات

کرکٹ کے میدان میں بھارت اور پاکستان کے تعلقات بحال کرانے کی کوشش

چین بھی برصغیر کے ملکوں کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم کرنے پر آمادہ ہے

یہ تعلقات بقائے باہم کے پانچ اصولوں پر مبنی ہونے چاہئیں

پاکستان میں مقیم متعدد بنگالی خاندانوں نے بنگلہ دیش جانے کا ارادہ ترک کر دیا

ارادہ بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کے نتیجہ میں بدلا گیا ہے

باقی بنگالیوں کی واپسی جون کے آخر تک مکمل ہو جائے گی

پی آئی اے کی پروازوں میں توسیع کر دی جائیگی

کوثر نیازی نے حضرت امام رضا کے روضے پر حاضری دی

فسادات کی تیاری پہلے سے کی گئی تھی

بھارت میں فرقہ وارانہ جماعتوں پر پابندی لگانے پر غور کیا جائے گا

بعض ہمسایہ ممالک پاکستان میں انتشار پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں


تبت چین کا حصہ ہے : سورن سنگھ

غفار خان کی نقل و حرکت پر پابندی میں دو ماہ کی توسیع کر دی گئی

پاکستانی روپے کی قیمت میں کمی یا اضافہ نہیں کیا جائے گا : مبشر حسن


آئندہ مالی سال کا بجٹ خاص حالات میں تیار کیا جا رہا ہے

پاکستان میں بھی افراط زر پیدا ہو گیا ہے



عام آدمی کی ترقی کے بغیر مادی ترقی بے معنی ہے، وزیر اعظم بھٹو

حکومت نے افرادی قوت کے بہتر استعمال کے لیے منصوبے بنائے ہیں



جنوب مغربی ایشیا میں مفاہمت و مصالحت کو مزید فروغ حاصل ہو گا، شہنشاہ ایران

ایران مشرقی سیاست میں بہت بڑا انقلاب لا سکتا ہے: بھٹو

پاکستان اور ایران کے تعلقات علامہ کے جذبات کی عکاسی کرتے ہیں، کوثر نیازی

چین کی مدد سے پاکستان کے ۹۳ ہزار جنگی قیدیوں کی واپسی ممکن ہوئی

میرا دورہ چین انتہائی کامیاب رہا، اسلام آباد واپس پہنچنے پر وزیراعظم کا خطاب

چین پاکستان کی علاقائی سالمیت اور آزادی کے تحفظ میں برابر مدد دیتا رہے گا

کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کی حمایت بھی جاری رہے گی

تیسری دنیا کی بہبود کے لیے پاکستان اور لاہور کی اسلامی کانفرنس نے اہم کردار ادا کیا ہے

دہلی میں مظلوم مسلم اقلیت کا قتل عام راشٹریہ سیوک سنگھ نے کرایا ہے

۵ مئی کو ریکا یک دہلی کے مسلمانوں پر قیامت ٹوٹ پڑی تھی، روسی مبصر

کراچی میں ہرن اور چیل رکھنے پر پابندی

بھارت کا ایٹمی دھماکہ ہمسایہ ممالک کے لیے انتہائی تشویش انگیز ہے

پاکستان اقوام عالم کو بھارت کے عزائم سے بارہا خبردار کر چکا ہے

ایٹمی قوت کو پرامن مقاصد کے لیے استعمال کرنے کا بھارتی دعویٰ محل نظر ہے، سرکاری ترجمان

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان

"صحافت ایک بہت بڑی قوت ہے جو فائدہ بھی پہنچا سکتی ہے اور نقصان بھی
اگر یہ ٹھیک نہج پر ہو تو رائے عامہ کی رہنمائی بھی کر سکتی ہے"

از ارشاد احمد حقانی

بھارت کو ایٹمی طاقت بننے کی گراں قیمت ادا کرنا پڑیگی

مسز اندرا گاندھی کی مہم جوئی پاکستان کے لئے غیر مستور بھی ثابت ہو سکتی ہے

بھارت سرکار نے مئی کو راجستھان میں جو ایٹمی دھماکہ کیا تھا۔ وہ ایک ایسا اقدام ہے جس کا مقصد اندرا حکومت کی داخلی اور خارجی ساکھ کو طاقت کے مظاہرہ کی بنا پر بحال دینا ہے بھارت اس دھماکے کے بعد ایک کامل جوہری قوت بنتا ہے یا نہیں۔ یہ جوہری برادری کا مسئلہ ہے۔ اس جوہری دھماکے کا یہ بھی اثر ہو سکتا ہے کہ دنیا کے جو بڑے پانچ ملکوں کو اس وقت جوہری طاقت پر اجارہ داری حاصل ہے۔ ان کی اجارہ داری ختم ہو جائے۔ اور دنیا کے کئی ممالک جو ایٹم بم بنانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ وہ بڑی طاقتوں کے جرمات کی پرواہ نہ کرتے ہوئے ایٹمی دوڑ میں شریک ہو جائیں۔ اور اس طرح سارے کا سارا عالمی امن تباہ ہو جائے۔

اس وقت مغربی جرمنی اور جاپان دو ایسے ملک ہیں۔ جن میں ایٹمی قوت بننے کی استعداد کہیں زیادہ ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اگر ایٹمی اسلحہ کی تیاری پر پابندی ہٹ جائے تو جاپان ایک ایسا ملک ہے جو ایک ماہ میں ۱۶۲ ایٹم بم بنا سکتا ہے۔ اور مغربی جرمنی ایک ماہ میں ۱۲۰ ایٹم بم بنا سکتا ہے۔ پھر بھارت نے جو ایٹمی دھماکہ کیا ہے۔ اس کا دلخراش پہلو یہ ہے کہ خود روس نے بھارت کے اس اقدام کو سراہا ہے۔ اس کا دوسرے الفاظ میں مطلب یہ ہے کہ خود روس کو ضمانت پر اعتماد نہیں رہا۔ جس کا مقصد یہ تھا کہ ایٹم بم کی ذمہ داری بالآخر روس اور امریکہ پر عاید ہوتی ہے۔

روس اور امریکہ کے ابین ضمانت کے قیام کے ذریعہ اگرچہ امریکہ نے روس کو یورپ میں بڑی مراعات دی ہیں۔ لیکن جہاں تک مشرق وسطی اور برصغیر کا تعلق ہے۔ ان علاقوں میں امریکہ نے مختلف پالیسی اختیار کر رکھی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے۔ کہ روس کو جہاں یورپ میں امریکہ کی نئی پالیسی سے بعض فوائد حاصل ہوئے ہیں وہاں مشرق وسطی میں اس کو سخت ہزیمت اٹھانا پڑی ہے۔ مشرق وسطی میں روس کی سیاسی زبوں حالی اس عالم میں ہے۔ کہ مصر اور اسرائیل میں مفاہمت کے باعث جہاں امریکہ اور مصر کے تعلقات میں سدھار پیدا ہو چکا ہے وہاں مصر اور روس کے تعلقات بگڑ گئے ہیں۔ شام اور اسرائیل کی کشمکش کے زمانہ میں روس نے شام کی حمایت کر کے مشرق وسطی کی سیاست میں اپنا مقام بنانے کی کوشش کی۔ لیکن اب شام اور اسرائیل کے

ابین مفاہمت ہو جانے کے باعث روس کو مشرق وسطی کے اس آخری سہارے سے محرومی صاف نظر آ رہی ہے۔

مشرق وسطی کے بعد ایشیا میں روس کی سیاست کا بڑا ٹھکانہ برصغیر تھا۔ جہاں روس نے بھارت کے پاکستان شکن عزائم کی حوصلہ افزائی کی بھارت اور روس دونوں کا یہ خیال تھا۔ کہ بنگلہ دیش کے قیام کے بعد پاکستان میں اتنی سکت نہ رہے گی۔ کہ بھارت کی منشا کے بغیر کوئی قدم اٹھا سکے۔ لیکن چونکہ اب چین بھی سلامتی کونسل کا رکن بن چکا ہے۔ اس لئے بنگلہ دیش اس حالت میں ہی اقوام متحدہ کا رکن بن سکتا تھا جب کہ سیکیورٹی کونسل کے سارے مستقل اراکین ایسا کرنا منظور کریں۔ پہلے پہل جب بنگلہ دیش کے اقوام متحدہ میں داخلہ کا سوال اٹھا۔ تو چین نے یہ موقف اختیار کیا کہ ایسا اس وقت ہو سکتا ہے جبکہ بنگلہ دیش سارے جنگی قیدی واپس کرے۔ ان میں وہ ۱۹۵ جنگی قیدی بھی شامل تھے۔ جن پر بنگلہ دیش جنگی جرائم کی بنا پر مقدمہ چلانا چاہتا تھا۔ پہلے تو بھارت اور بنگلہ دیش اپنے موقف پر اڑے رہے۔ لیکن جب ان کو یہ محسوس ہوا۔ کہ اس کے بغیر کوئی چارہ نہیں۔ تو سارے قیدی واپس کر دیئے گئے۔ اس طرح بھارت کے پاس پاکستان کو دبا کر کوئی فیصلہ مسلط کرنے کی کچھ سیاسی سکت نہ رہی۔ کیونکہ چین کے رویہ نے برصغیر میں طاقت کے بل پر بھارت کے چھا جانے کا خواب درہم برہم کر دیا۔ بھارت کا ایٹمی تجربہ بھارت کے اس خواب کی تکمیل کا ایک نیا ذریعہ ہے۔

جس وقت روس نے بھارت کیساتھ اگست ۱۹۷۱ء کو دوستی اور تعاون کا معاہدہ کیا تو اس کو ایشیا میں روسی سیاست کی بنیاد قرار دیا گیا۔ بھارت نے روس کی شہ پر اس معاہدہ کی آڑ لے کر پاکستان کے دو ٹکڑے کئے۔ اس کے بعد گزشتہ سال نومبر میں جس وقت روسی کمیونسٹ پارٹی کے سیکرٹری مسٹر برزنیف نے بھارت کا دورہ کیا تو انہوں نے بھارتی پارلیمنٹ کے اراکین کو خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ روس ایشیا میں جس سیاست کو بروئے کار لانا چاہتا ہے اس کی بنیاد روس اور بھارت کے تعاون پر ہے۔ اس کا دوسرے لفظوں میں مطلب یہ تھا کہ روس برصغیر کے سارے ممالک کو بھارت کے تابع کرنے میں کوئی ہچکچاہٹ محسوس نہ کرے گا بشرطیکہ بھارت ایشیا میں روس کی سیاست کا آلہ بن جائے۔

اس زمانے میں چین اور امریکہ کے تعلقات کا ایک نیا دور شروع ہوا اور فوری طور پر صدر نکسن نے چین کا دورہ کیا۔ اس دورہ میں صدر نکسن اور مسٹر چواین لائی کے دستخطوں سے جو اعلامیہ جاری ہوا اس میں صراحت کی گئی کہ فریقین کوشش کریں گے کہ اپنے تعلقات کو پر امن بقائے باہمی کی بنیاد پر استوار کریں۔ سارے مسائل کو سیاسی بنیادوں پر حل کریں اور دنیا کے مختلف علاقوں میں چودھراہٹ کی کوشش نہ کریں اور نہ ہی دوسرے ملکوں کو یہ اجازت دیں کہ وہ ایسا کر سکیں۔ یعنی وہ اپنی چودھراہٹ قائم کریں۔

چین اور امریکہ کے موجودہ تعلقات پر تبصرہ کرتے ہوئے روسی جریدہ انٹرنیشنل افیرز کے ایک تازہ شمارے میں یہ رائے ظاہر کی گئی۔

کہ امریکہ اور چین کے تعلقات کے اولین ثمرات سے دنیا آگاہ ہو چکی ہے اس وقت حالت یہ ہے کہ اکثر بین الاقوامی معاملات میں چین اور امریکہ کے موقفوں میں ہم آہنگی پیدا ہو رہی ہے سنہ ۱۹۷۲ء اور ۱۹۷۳ء کے مابین ڈاکٹر کسنجر چھ بار چین کا دورہ کر چکے ہیں۔ دونوں ترک اسلحہ کی بین الاقوامی کانفرنس کے بلائے جانے کے خلاف ہیں۔ طاقت کے عدم استعمال سے مسائل کو حل کرنے کے بارے میں دونوں کا رویہ منفی ہے ایٹمی طاقت کے استعمال کے انسداد کے بارے میں بھی دونوں ملکوں کا رویہ یکساں ہے اس کے علاوہ مختلف علاقائی مسائل کے بارے میں بھی دونوں ملکوں کا رویہ ایک جیسا ہے اس کا اندازہ اس امر سے ہوتا ہے کہ امریکہ اور چین دونوں نیٹو اور سینٹو کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں۔ ہند چینی اور برصغیر کے مسائل کے بارے میں بھی دونوں ملکوں کا رویہ ایک سا ہے چین کے حکام کا سرکاری موقف یہ ہے کہ امریکی فوجیں ایشیا اور یورپ میں موجود رہیں۔

حال ہی میں وزیر اعظم بھٹو نے چین کا جو دورہ کیا ہے اس دورہ کے بعد جو مشترکہ اعلامیہ جاری ہوا اس میں برصغیر کے ملکوں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ اپنے تنازعات کو پر امن بقائے باہمی کی بنیاد پر حل کریں۔ اس اعلامیہ میں باہمی دوستی قائم کرنے کی وکالت کی گئی ہے اس کے علاوہ تنازعہ کشمیر کے ۔ کے بارے میں اقوام متحدہ کے اصول کی حمایت کی گئی ہے روس


کے اعلامیہ نے چین کے اس موقف کو ۔ کے معاملات میں مداخلت قرار دیا ہے۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ برصغیر کے حالیہ واقعات کے پیش نظر بھارت سرکار نے روس کی شہ پر جوہری طاقت بننے کا فیصلہ پہلے ہی سے کر رکھا تھا اس لیے اگر بھارت نے عین اس وقت ایٹمی دھماکہ کیا ہے جب کہ وزیر اعظم بھٹو چین کا دورہ کر چکے تھے تو اس میں تعجب کی کوئی بات نہیں۔ بھارت کے اس اقدام کی روس نے تائید کی ہے وہ اس امر کی غمازی ہے کہ بھارت اور روس اب دونوں اس پر تلے ہوئے ہیں کہ چین اور امریکہ کو اس خطہ کی سیاست سے بے دخل کر دیا جائے لیکن اس کے لیے اولین قدم یہ ہے کہ پاکستان کو یا کچلا جائے یا اس کو بھارت کے سامنے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کیا جائے۔ بھارت کے اس ایٹمی دھماکہ کا دوسرا ہدف مشرق وسطی کے ملک ہوں گے جہاں روس ۔ اس ہزیمت پر پہلے ہی سے تلملا رہا ہے جو اس کو اس خطہ میں امریکہ نے دی ہے۔

بھارت اس وقت ایک داخلی بحران سے دوچار ہے۔ یہ بحران سیاسی بھی ہے اور اقتصادی بھی ۔ ۔ ۔ جوہری قوت بن کر اندرا سرکار اپنے عوام کی توجہ اس بحران سے ہٹا سکتی ہے۔ اور اس طرح اپنے توسیع پسندی کے پروگراموں کو عملی جامہ پہنا سکتی ہے۔

جس وقت بھارت سرکار نے مشرقی پاکستان کے خلاف جارحیت کا ارتکاب کیا تھا

اس وقت چین کے وزیر اعظم مسٹر چو این لائی نے بھارت کے اس اقدام کو جاپان کے منچوریا پر حملہ کے مترادف قرار دیا تھا۔ اس ایک واقعہ نے جاپان کے علاوہ دوسری محوری طاقتوں یعنی اٹلی اور جرمنی کو بھی دوسرے ملکوں کے خلاف جارحیت پر اکسایا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا۔ کہ ساری دنیا ہی جنگوں کی لپیٹ میں آ گئی۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پاکستان کے خلاف جارحیت کے اولین اقدام کے بعد روس مشرق وسطی میں امریکہ سے جو مراعات حاصل کرنا چاہتا تھا۔ اس میں اس کو ناکامی ہوئی ہے۔ اور اب وہ انہی مقاصد کو بھارت کے جوہری طاقت بننے پر حوصلہ افزائی کر کے حاصل کرنا چاہتا ہے۔



ہر شخص کو اپنے گاؤں اور قصبے اور شہر سے محبت ہونی چاہئے۔ اور اس کی بہبود اور ترقی کے لیے محنت کرنی چاہئے۔ بڑی اچھی بات ہے۔ لیکن اس سے بھی زیادہ اچھی بات یہ ہے کہ ہر شخص کو اپنے ملک سے اپنے قصبے یا شہر کی نسبت زیادہ محبت ہونی چاہئے اور ملک کی خاطر نسبتاً زیادہ لگن اور زیادہ شدت سے محنت کرنی چاہئے۔

قائد اعظم

حدیث نبوی ﷺ

ابو سعید خدریؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلعم نے فرمایا راستوں میں بیٹھنے سے پرہیز کریں۔ صحابہ نے کہا یا رسول اللہؐ ہم وہاں بیٹھنے کے لئے مجبور ہیں کیونکہ ہم وہاں باتیں کرتے ہیں فرمایا، جب بیٹھنے کے سوا نہیں (ہر چارہ ہے) اگر ہے تو راستہ کا حق ادا کرو عرض کیا یا رسول اللہ راستہ کا حق کیا ہے۔ ارشاد کیا: نگاہ کو نیچا رکھنا، ایذا سے باز رہنا، سلام کا جواب دینا۔ نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا۔

حضور نے فرمایا: نیکی حسن خلق کا نام ہے اور گناہ وہ چیز ہے جو تیرے سینہ میں خلش پیدا کرے اور تو اسے برا سمجھے کہ لوگ اس سے واقف ہوں۔

مکر و فن

بارہا اس بت کی تھا رام نام
زیں میں تھا اشم وابستہ ہوئے
اہنسا کا پرچار کرتا رہا!
بغل میں تشدد چھپائے ہوئے

عالم تاباں

بھارتی امن ۔ ایٹم بم

ایک عرصے سے بھارت ایٹمی طاقت بننے

اس وقت جبکہ بھارت میں سوکر

اگرچہ پاکستان معاشی طور پر بھارت

SATELLITE

شمالی امریکہ میں بسنے والے پاکستانی

TALK SHOWS

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
ٹورونٹو
کینیڈا

الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون

کینیڈا، امریکہ، برطانیہ، جاپان، چین اور متعدد دیگر ممالک کی طرف سے بھارت کے ایٹمی تجربے کی مذمت

ہم نے ایٹمی ری ایکٹر دھماکہ کرنے کیلئے نہیں دیا تھا، کینیڈا کا احتجاج

پر امن مقاصد کے لیے ایٹمی دھماکہ کا کوئی جواز نہیں : برطانیہ

جنیوا، ۱۹ مئی (رائٹر) ...


دھمکی کے نتائج ایٹمی ہتھیار استعمال کرنے کے نتائج کی طرح تباہ کن ہوں گے

پاکستان مرعوب نہیں ہوگا، ہم اپنی آزادی اور خود مختاری کی ہر قیمت پر حفاظت کریں گے، بھٹو

اب بھارت سے جنگ نہ کرنے کا معاہدہ بالکل نہیں کیا جا سکتا

عوام متحد ہو جائیں، حکومت ملکی دفاع کے لیے پوری طرح تیار ہے

لاہور ۱۹ مئی (نامہ نگار خصوصی) وزیر اعظم بھٹو نے خبردار کیا ہے کہ بھارت کو ہرگز یہ اجازت نہیں دی جائے گی ...



شاہ ایران آئندہ ماہ پاکستان آئیں گے

گزشتہ ۱۸ مئی (رائٹر) باخبر ذرائع کی اطلاع کے مطابق شہنشاہ ایران محمد رضا شاہ پہلوی جلد پاکستان کا دورہ کریں گے ...

برصغیر میں بھارت کی بالادستی قبول نہیں کی جائیگی : عزیز احمد

سینٹو کے اجلاس میں بھارت کے ایٹمی دھماکہ کا مسئلہ پیش کر دیا گیا

واشنگٹن ۲۱ مئی (رائٹر) ...



پاکستان پر ایٹمی ہتھیار حاصل کرنے کی کوشش کا الزام

نئی دہلی ۲۱ مئی (رائٹر) ...

ریٹائرڈ میجر جنرل سید غوث خاں سرحد کے نئے گورنر ہوں گے

پشاور ۲۳ مئی (نمائندہ خصوصی) معلوم ہوا ہے کہ ریٹائرڈ میجر جنرل سید غوث خاں کو مسٹر اسلم خٹک کی جگہ سرحد کا گورنر مقرر کیا گیا ہے ...

وزیر اعظم بھٹو آئندہ ماہ روس کے دورہ سے قبل بنگلہ دیش جائیں گے : آغا شاہی

میں وقتی طور پر سیاست سے کنارہ کش ہو جاؤں گا : اسلم خٹک

مسٹر خٹک سے استعفیٰ لیا گیا ہے

پشاور ۲۳ مئی (نمائندہ خصوصی) صوبہ سرحد کے گورنر مسٹر محمد اسلم خان خٹک مستعفی ہو گئے ہیں ...

عزیز احمد ایٹمی دھماکہ کے بارے میں برطانیہ، فرانس اور چین سے مذاکرات کرینگے

ذرائع مواصلات کی بحالی پر بات چیت کے لیے بھارتی وفد فی الحال پاکستان نہیں آ رہا


اسلام آباد ۲۳ مئی (اے پی پی) سیکرٹری خارجہ مسٹر آغا شاہی ...

پاکستان کے لیے شاہ فیصل کا اظہار خیر سگالی

اسلام آباد ۱۹ مئی (اے پی پی) سعودی عرب کے شاہ فیصل نے ...

مجید امجد کو سپرد خاک کر دیا گیا

جھنگ ...



میری حکومت پاکستان سے بات چیت کیلئے تیار ہے : سردار داؤد

پیشگی کوئی شرط عائد نہیں کی جائے گی، بات چیت کسی بھی سطح پر ہو سکتی ہے

کابل ... مئی (اے پی پی) افغانستان کے صدر سردار محمد داؤد نے کہا ہے کہ ان کی حکومت پاکستان کے ساتھ پیشگی کوئی شرط ...

FO
VOL. 3, N
IND
D
de